UNIVERSAL LIBRARY

OU-234424

UNIVERSAL LIBRARY

۱۶۶۹۸

# حساب کا کھیل کھلونا


مصنفہ

لالہ شو دیال صاحب ایم۔ اے
اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور

و

لالہ بہاری لال صاحب ریاضی ٹیچر نارمل سکول لاہور


---


لاہور

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز
ایجوکیشنل پبلشرز

---

سنہ ۱۹۱۷ء



جملہ حقوق محفوظ ہیں



تعداد جلد ۵۰۰۰ | دفعہ ۱ | قیمت فی جلد ۲ ار پائی


PRINTED AND PUBLISHED FOR
RAI SAHIB M. GULAB SINGH & SONS,
AT THE MUFID-I-'AM PRESS, LAHORE,
BY R. B. L. MOHAN LAL.

1917.

# فہرستِ مضامین

| نمبرِ شمار | مضمون | نمبرِ صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | ایک سے دس تک گنتی .. | ۱ |
| ۲ | گیارہ سے بیس تک گنتی | ۲۳ |
| ۳ | اِکّیس سے تیس تک گنتی | ۲۹ |
| ۴ | اِکتیس سے چالیس تک گنتی | ۳۳ |
| ۵ | اِکتالیس سے پچاس تک گنتی | ۳۸ |
| ۶ | اِکیاون سے ساٹھ تک گنتی | ۴۲ |
| ۷ | اِکسٹھ سے ستّر تک گنتی | ۴۵ |
| ۸ | اِکہتّر سے اسّی تک گنتی | ۴۸ |
| ۹ | اِکّیاسی سے نوّے تک گنتی | ۵۱ |
| ۱۰ | اِکیانوے سے ننّانوے تک گنتی | ۵۴ |


| نمبر شمار | مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۱ | ایک سو . . . . . . . | ۵۷ |
| ۱۲ | پہاڑے . . . . . . . | ۶۳ |
| ۱۳ | متفرق سوالات . . . . | ۷۲ |




ایک ۱




دو ۲




تین ۳



چار ۴




پانچ ۵




چھ ۶




سات ۷



آٹھ ۸




نو ۹



دس ۱۰

# ایک سے دس تک گنتی



ایک آم - ایک ٹوپی - ایک - ۱



دو جوتے - دو آنکھیں - دو ۲

## زبانی سوالات

۱ تمہارے ہاتھ کتنے ہیں ؟

۲ تمہارے پیر کتنے ہیں ؟

۳ تمہارے سر کتنے ہیں - اور آنکھیں
کتنی ہیں ؟



۴ اس چڑیا کے پیر
کتنے ہیں ؟



۵ یہ کتنی دواتیں ہیں ؟




۶ یہ کتنی گولیاں ہیں ؟
اس میں ایک گولی اور ملا دو - کتنی
گولیاں ہو گئیں ؟



۷ یہ کتنی گولیاں ہیں ؟
کتنی گولیاں نکال لیں - کہ ایک گولی
رہ جائے ؟



۸ کاپی میں دو خانوں کے




ارد گرد پنسل پھیرو +

۹ دو مکعّب سے مختلف شکلیں بناؤ +

١٠ رنگدار مُربّع کو موڑ کر دُہرا کرو۔ بتاؤ۔ اُس کے کِتنے حصّے ہو گئے ؟

١١ ایک آم اور ایک آم مِل کر کِتنے آم ہُوئے ؟




# تِین پتّے۔ تِین گولیاں۔ تِین ٣


## زبانی سوالات

١ اِس تِپائی کی کِتنی ٹانگیں ہیں؟

٢ سرکنڈے کے گُودے اور تِیلیوں سے سامنے کی شکل بناؤ۔ اور بتاؤ



اِس میں کتنی تیلیاں لگیں - اور کتنی
گودنے کی گولیاں لگیں ؟
۳ اُوپر کی شکل کے کنارے کتنے ہیں؟
۴ اُوپر کی شکل کے کونے کتنے ہیں ؟
اِسے **تکون** کہتے ہیں +
۵ گولیوں کے چوکھٹے پر ۳ گولیاں نکالو +
۶ تین گیندیں نکالو-




ایک مجھے دے دو-
بتاؤ - کتنی باقی
رہیں ؟
۷ اگر دو مجھے دے دو - تو باقی کتنی
رہیں گی ؟
۸ تین لڑکوں کو ایک ایک پیسہ دو-
کُل کتنے پیسے دئے ؟
۹ مربع کاغذ کو موڑ کر تکون شکل بناؤ +

۱۰ کاپی پر تین خانے
کی شکل بناؤ +



۱۱ تین مکعب لے کر مختلف شکلیں بناؤ +

۱۲ دو اور ایک کتنے ہوئے ۔ اور ایک
اور دو کتنے ؟



چار پنسلیں ۔ چار آم ۔ چار ۴


## زبانی سوالات

۱ اس گائے کے پیر کتنے ہیں ؟

۲ آنکھیں کتنی
ہیں ۔ اور سینگ
کتنے ہیں ؟




۳ کمرے کی دیواریں کتنی ہیں۔ اور کونے کتنے ہیں؟



۴ سرکنڈے کے گودے کی گولیوں اور تیلیوں سے ایسی شکل بناؤ۔ اور بتاؤ۔ اِس شکل کے کنارے کتنے ہیں۔ اور کونے کتنے؟ ایسی شکل کو **مُربّع** کہتے ہیں +

۵ مُربّع کاغذ کے کونے اور کنارے گنو +

۶ ایک ایک پیسہ کرکے چار پیسے گنو۔ چار پیسوں کا **آنہ** ہوتا ہے +



۷ خانوں والی کاپی پر ایسی شکل بناؤ۔ اور بتاؤ۔ اِس میں خالی خانے کتنے ہیں۔ اور سایہ دار کتنے؟


۸ دو اور دو مل کر کتنے ہوئے؟

۹ یہ کتنی گولیاں ہیں؟ 
اِن میں سے ایک گولی نکال دیں۔
تو باقی کتنی رہیں گی؟ دو نکال دیں۔
تو کتنی باقی رہیں گی؟ اور اگر تین
نکال دیں۔ تو کتنی رہیں گی؟

۱۰ چار مکعّب لے کر مختلف شکلیں بناؤ +

۱۱ اپنے قدم سے چار قدم فاصلہ ماپو +


دو دُونے چار +



## پانچ انگلیاں۔ پانچ گولیاں۔ پانچ ۵

### زبانی سوالات

۱ گولیوں۔ کے چوکھٹے پر ۵ گولیاں نکالو +




۲ سرکنڈے کے گودے
کی گولیوں اور تیلیوں ۔
سے ایسی شکل بناؤ +

۳ اِس شکل کے کونے کتنے ہیں۔ اور
کنارے کتنے ؟



۴ اپنی پانچوں اُنگلیاں اُٹھاؤ ۔
ایک اُنگلی نیچے کرو۔ کتنی
رہیں۔ دو نیچے کرو۔ کتنی
رہیں ؟ تین نیچے کرو۔ کتنی رہیں؟ چار
نیچے کرو۔ اب کتنی رہیں ؟

۵ اپنی کاپی پر پانچ
خانوں کی شکل بناؤ +




۶ پانچ خانوں والی
کوئی اور شکل بناؤ +

۷ اپنے قدم سے پانچ قدم فاصلہ ماپو +

۸ پانچ مکعب لے کر مختلف شکلیں بناؤ۔


۹ ایک ایک سیر کر کے پانچ سیر چیز تولو۔

۱۰ ایک ایک کر کے پانچ تک گنو۔




# چھ گولیاں - چھ تیلیاں - چھ ۶


## زبانی سوالات



۱ اِس پھول کی کتنی پنکھڑیاں ہیں؟



۲ اِس شکل کے کونے کتنے ہیں۔ اور کنارے کتنے؟



۳ یہ کتنی گولیاں ہیں - اِس
میں دو دو گولیوں کی کتنی
قطاریں ہیں ؟

۴ تین تین گولیوں کی کتنی قطاریں ہیں؟

۵ دو دو گولیاں تین لڑکوں کو دو - کُل
کتنی گولیاں دیں ؟

۶ چھ خانوں کی شکل کاپی پر بناؤ ۔

۷ فُٹ رُول سے چھ فُٹ ناپو ۔

۸ چھ مُکعب لے کر مُختلِف شکلیں بناؤ ۔

۹ ایک سے چھ تک گنو ۔


۱۰ دو دو پیسے تین بار گنو ۔

دو تیئے چھ ۔

تین دُونے چھ ۔




# سات پیسے


  

سات تارے　　　سات　　　۷

## زبانی سوالات



۱ چھ تیلیوں میں ایک تیلی اور ملاؤ۔ کُل کتنی تیلیاں ہوئیں؟



۲ اِس شکل میں کتنے کونے ہیں۔ اور کتنے کنارے؟

۳ اپنی کاپی پر سات خانوں کی شکل بناؤ +

۴ سات مکعب لے کر مختلف شکلیں بناؤ +

۵ بتاؤ - یہ کتنی گولیاں ہیں ؟ ان کے درمیان مختلف ● ● ● ● ● ● ● جگہ مقوّا کھڑا کر کے اُن کے دو حصّے کرو - اور ہر حصّے کی گولیاں گنو +

۶ سوموار - منگل - بدھ - جمعرات - جمعہ - سنیچر اور اتوار مل کر ہفتہ بنتا ہے - بتاؤ - ہفتہ میں کتنے دِن ہوئے ؟

۷ ہفتہ میں اتوار کو چھٹی ہوتی ہے - بتاؤ - پڑھائی کتنے دِن ہوتی ہے ؟


۸ سات گولیوں میں سے تین گولیاں نکال لو - باقی کتنی گولیاں رہیں ؟


۹ فٹ رول سے سات فٹ ماپو +


۱۰ دو تیلیوں کو جوڑ کر ۷ بناؤ +



# آٹھ گولیاں









## آٹھ تیلیاں - آٹھ  ٨

## زبانی سوالات




١ اِس شکل کے کونے اور کنارے گنو +

٢ مٹر کے دانوں اور تیلیوں سے چارپائی بناؤ - بناؤ - اِس میں کتنی تیلیاں ہیں - اور کتنے دانے ہیں ؟




٣ کون کون سی تیلیاں آپس میں برابر

ہیں ؟




۴ کاپی پر آٹھ خانوں کی شکل بناؤ +

۵ آٹھ خانوں کی کوئی اَور شکل بناؤ +



۶ اس سیڑھی میں کتنے ڈنڈے ہیں ؟

۷ سامنے دو دو گولیوں کی کتنی قطاریں ہیں؟ کل کتنی گولیاں ہیں؟



۸ چار چار گولیوں کی کتنی قطاریں ہیں ؟

۹ آٹھ مکعب لے کر مختلف شکلیں بناؤ +


۱۰ اِن




گولیوں پر مختلف جگہ کاغذ رکھ کر آٹھ کے مختلف حصے بناؤ ( چار دُونے آٹھ +



نو روپے








نو تیلیاں　　نو　　۹

## زبانی سوالات



۱ اپنے گولیوں کے چوکھٹے پر ۹ تک گنو ۔


۲ اِس پتّے پر کتنے نشان ہیں ؟

۳ اپنی کاپی پر نو خانوں

کی شکل بناؤ +

۴ نَو تیلیاں لے کر مختلف شکلیں بناؤ +

۵ سامنے تین تین
گولیوں کی کتنی



قطاریں ہیں؟ کُل کتنی گولیاں ہیں؟

۶ نَو مکعّب لے کر مختلف شکلیں بناؤ +

۷ اِن گولیوں پر کاغذ رکھ کر ۹ کے مختلف
حصّے



کرو +


۸ فُٹ رول لے کر نَو فُٹ ماپو +

۹ تین تین پیسوں کی تین قطاریں
بناؤ۔ کُل کتنے پیسے ہُوئے؟


تین تِئے نَو +



# دس خانے








دس لکیریں — دس — ١٠


## زبانی سوالات



١ اِس تاش کے پتّے پر کتنے نشان ہیں؟


٢ تمھارے دونو ہاتھ کی کتنی اُنگلیاں ہیں؟

٣ سامنے دو دو گولیوں کی کتنی قطاریں ہیں؟ کُل کتنی گولیاں ہیں؟



٤ پانچ آم اور پانچ آم کتنے

آم ہوئے ؟




۵ پانچ پانچ گولیوں کی
کتنی قطاریں ہیں ؟

۶ ایک سے دس تک گنو ۔

۷ دس سے ایک تک اُلٹے گنو ۔


۸ دس مکعّب لے کر مختلف شکلیں بناؤ ۔

۹ دس خانے کی شکل
کاپی پر بناؤ ۔



۱۰ ایک آم اور ۹ آم
کتنے ہوئے ؟

۱۱ اِن



گولیوں پر مختلف جگہ کاغذ رکھ کر دس
کے مختلف حصّے بناؤ ۔

۱۲ فٹ رول سے دس فٹ ناپو ۔
پانچ دُونے دس ۔

# زبانی سوالات

۱ ۷ آم اور ۳ آم کتنے آم ہوئے ؟
۲ دس آم میں سے آٹھ آم گئے۔ باقی کتنے رہے ؟
۳ دس آم میں سے چار آم گئے - باقی کتنے رہے ؟
۴ دو دو گوریاں دو جگہ کتنی گوریاں ہوئیں؟
۵ دو دو گوریاں تین جگہ کتنی گوریاں ہوئیں ؟
۶ دو دو گوریاں چار جگہ کتنی گوریاں ہوئیں ؟
۷ دو دو گوریاں پانچ جگہ کتنی گوریاں ہوئیں ؟
۸ تین تین آم دو جگہ کتنے ہوئے ؟

٩ تین تین آم تین جگہ کتنے ہوئے ؟

١٠ چار چار آم دو جگہ کتنے ہوئے ؟

١١ پانچ پانچ آم دو جگہ کتنے ہوئے ؟


١٢ آٹھ گولیوں کے دو برابر حصّے کرو +

١٣ نو گولیوں کے تین برابر حصّے کرو +

١٤ دو دو کر کے دس تک گنو +


١٥ ایک آنے کے چار پیسے۔ تو دو آنے کے کتنے پیسے ہوئے ؟

١٦ ایک روٹی کی دو آدھی روٹیاں ہوتی ہیں۔ تو دو روٹی کی کتنی آدھی روٹیاں ہوں گی۔ اور تین روٹی کی کتنی آدھی روٹیاں۔ اور چار کی کتنی ؟




١٧ چھ سیب اور ٢ سیب مل کر کتنے


سیب ہوئے ؟



۱۸ یہ کتنے خانے ہیں ؟ اِن
میں سے چار خانے نکال
دیں۔ تو کتنے رہیں گے ؟



۱۹ اِس گنّے کی کتنی پوریاں
ہیں ؟ تین پوریاں ایک بچّے
کو اور دو پوریاں دُوسرے
کو دیں تو باقی کتنی رہیں گی؟
۲۰ ایک نارنگی کا مول ۳ پیسے
ہے ۲ نارنگیوں کا مول بناؤ +
۲۱ تین تین کرکے نو تک گنو +
۲۲ دس پیسوں میں سے دو دو پیسے کتنی
بار نکال سکتے ہیں ؟
۲۳ دس تیلیوں سے مختلف شکلیں بناؤ +
۲۴ دس مکعب سے مختلف شکلیں بناؤ +

۲۵ سامنے کی شکل

میں کتنی ٹوپیاں
ہیں ؟


۲۶ اگر اِن میں سے دو ٹوپیاں نکال دیں۔
تو کتنی باقی رہیں گی ؟

۲۷ اگر دو ٹوپیاں اور نکال لیں۔ تو کتنی
باقی رہیں گی ؟

۲۸ اِس شکل میں دو دو ٹوپیاں کتنی بار ہیں؟


۲۹ اگر ان میں سے تین ٹوپیاں نکال لیں۔
تو کتنی ٹوپیاں باقی رہیں گی ؟

۳۰ تین تین ٹوپیاں کتنی بار ہیں ؟
گن کر بتاؤ:۔


۳۱ سامنے کی شکل میں
کتنی قلمیں ہیں؟

۳۲ اِن میں سے ایک ایک قلم گھٹا کر گنو۔


# گیارہ سے بیس تک گنتی



دس اور ایک  گیارہ  ۱۱



دس اور دو  بارہ  ۱۲



دس اور تین  تیرہ  ۱۳



دس اور چار  چودہ  ۱۴



دس اور پانچ  پندرہ  ۱۵



دس اور چھ سولہ 16



دس اور سات سترّہ 17



دس اور آٹھ اٹھّارہ 18



دس اور نو اُنّیس 19



دو دہائی بیس 20

ایک تیلی - ایک قلم - ایک دوات - ایک گولی
ہر ایک قسم کی ایک چیز کو اِکائی کہتے ہیں۔
جس طرح چار پیسے کا ایک آنہ ہوتا ہے۔

اُسی طرح دس گولیوں ۔ دس پیسوں ۔ دس تیلیوں یعنی دس اِکائی کی ایک دہائی ہوتی ہے +

گیارہ (۱۱) میں ایک دہائی اور ایک اِکائی ہے ۔ ایک دہائی کو بائیں طرف اور ایک اِکائی کو دائیں طرف لِکھا ہے +

| دہائی | اِکائی |
|---|---|
| ۱ | ۱ |

## زبانی سوالات

۱ بارہ میں کِتنی دہائیاں اور کِتنی اِکائیاں ہیں ؟ بارہ کو ہندسوں میں لِکھو +

۲ تیرہ میں کِتنی دہائیاں اور کِتنی اِکائیاں ہیں ؟ تیرہ کو ہندسوں میں لِکھو +

۳ چودہ تیلیاں نکالو ۔ اور اِن سے ایک دہائی بناؤ ۔ کِتنی اِکائیاں باقی رہیں +

۴ پندرہ کو ہندسوں میں لکھو۔

۵ سولہ۔ سترہ۔ اٹھارہ۔ اُنیس کی دہائیاں
اور اکائیاں بنا کر ہندسوں میں لکھو۔

۶ دس کی دہائی بناؤ۔ باقی کیا رہا؟ دس
کو ہندسوں میں لکھو۔

۷ بیس کی کتنی دہائیاں ہوتی ہیں۔ بیس
لکھتے وقت دہائی کی جگہ کیا لکھوگے۔
اور اکائی کی جگہ کیا؟

---

دس اور بیس میں اکائی کوئی نہیں
ہے۔ اور اس کی جگہ ایک گول نشان (۰)
ہے۔ اس کو صفر کہتے ہیں۔ دس اور
بیس میں اکائی کی جگہ پر صفر لکھنے سے
یہ مطلب ہے۔ کہ دس اور بیس میں
اکائی کوئی نہیں۔

# سوالات نمبر ۱

۱ پڑھو:-


۹، ۱۲، ۱۵، ۱۶ کو +

۲ ہندسوں میں لکھو:-

آٹھ - پندرہ - سترہ - اُنیس - بیس کو +

۳ ۱۸ میں ۸ سے کیا مطلب ہے - اور ۱ سے کیا؟

۴ ۲۰ میں صفر سے کیا مطلب ہے - اور ۲ سے کیا؟



۵ سامنے کی دونو شکلوں میں کتنے خانے ہیں؟


۶ بڑی شکل میں چھوٹی شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں؟

۷ ۱۰ گولیوں میں اور کتنی گولیاں ملائیں۔
کہ ۱۴ بن جائیں ؟

۸ ۹ گولیوں میں اور کتنی گولیاں ملائیں۔
کہ ۱۴ بن جائیں ؟

۹ ۵ کوڑیوں میں اور کتنی کوڑیاں ملائیں۔
کہ ۱۴ کوڑیاں بن جائیں ؟


۱۰ دو دو ملا کر گولیوں کے چوکھٹے پر
اس طرح گنو :۔
ایک اور دو تین ۔ تین اور دو پانچ
........ ۱۹ تک ۔




دو اور دو چار ۔ چار اور دو
چھ . . ۲۰ تک ۔

۱۱ سرکنڈے کے گودے کی گولیوں اور تیلیوں
سے کرسی بناؤ ۔ اور بتاؤ ۔ اس میں کتنی
گودے کی گولیاں ، اور کتنی تیلیاں لگیں ؟


# اِکّیس سے تیس تک گنتی




بیس اور ایک    اِکّیس    ۲۱




بیس، اور دو    بائیس    ۲۲




بیس اور تین    تیئیس    ۲۳




بیس اور چار    چوبیس    ۲۴




بیس اَور پانچ   پچّیس   ۲۵




بیس اَور چھ   چھبّیس   ۲۶




بیس اَور سات   ستّائیس   ۲۷



بیس اَور آٹھ   اٹھّائیس   ۲۸



بیس اَور نَو   اُنتّیس   ۲۹



تین دہائی تیس ۳۰

## زبانی سوالات


۱ چوبیس تیلیاں گنو - اِن کی دہائیاں بناؤ - کتنی دہائیاں بنیں - اور کتنی تیلیاں باقی رہیں ؟

۲ ۲۷ میں ۷ کی کیا قیمت ہے - اور ۲ کی کیا ؟


۳ ۳۰ میں صفر سے کیا مطلب ہے ؟

۴ تین تین کرکے تیس تک گنو +

۵ سامنے کی دونو شکلوں میں کُل کتنے خانے ہیں؟



۶ مُربّع کاغذ لو۔ اور شِکن ڈال کر اُس کے ۱۲ برابر حصّے کرو۔ اُن میں سے ۵ خانے کاٹ لو۔ بتاؤ۔ باقی کِتنے رہے؟




۷ ۱۵ خانے والی شکل میں سے ۲ خانے نِکال دیں۔ تو باقی کِتنے رہیں گے؟

۸ ۵ پیسے و ۲ پیسے و ۳ پیسے مِل کر کِتنے ہُوئے؟


۹ پانچ پانچ کرکے تیس تک گِنو۔

۱۰ چھ چھ کرکے تیس تک گِنو۔


# اِکتیس سے چالیس تک گنتی




تیس اور ایک — اِکتیس — ۳۱




تیس اور دو — بتّیس — ۳۲




تیس اور تین — تینتیس — ۳۳




تیس اور چار — چونتیس — ۳۴




تیس اور پانچ    پینتیس    ۳۵




تیس اور چھ    چھتیس    ۳۶




تیس اور سات    سینتیس    ۳۷



تیس اور آٹھ    اڑتیس    ۳۸



تیس اور نو    اُنتالیس    ۳۹



چار دہائی    چالیس    ۴۰

## سوالات نمبر ۲

۱ تین دہائیاں اور پانچ اکائیاں مل کر کتنے ہوتے ہیں ؟

۲ ۳۲ میں کتنی اکائیاں اور کتنی دہائیاں ہیں ؟

۳ تین دہائیاں اور سات اکائیاں مل کر کتنے ہوئے ؟

۴ ۳۸ میں ۸ سے کیا مطلب ہے۔ اور ۳ سے کیا ؟


۵ ۲۰ گولیوں میں سے ایک گولی نکال دیں۔ تو باقی کتنی رہیں ؟

۶ ۳۰ گولیوں میں سے ایک گولی نکال
دیں - تو باقی کتنی رہیں ؟

۷ ۴۰ گولیوں میں سے ایک گولی نکال
دیں - تو باقی کتنی رہیں؟


۸ ۳۰ اور ۳ کتنے ہوئے ؟

۹ سامنے کی دونو شکلوں
میں کُل کتنے خانے ہیں؟




۱۰ چار چار کرکے ۴۰ تک گنو +

۱۱ سامنے کی شکل میں
ہر ایک طرف کتنی
کتنی گولیاں ہیں ؟
گن کر بتاؤ - ساری
گولیاں کتنی ہیں ؟



۱۲ پانچ پانچ گولیاں آٹھ جگہ نکالیں - تو
کُل کتنی گولیاں ہوں گی ؟

۶ مُربّع کاغذ لو۔ اَور شِکن ڈال کر اُس
کے ۱۲ برابر حِصّے کرو۔ اُن میں سے
۵ خانے کاٹ لو۔ بناؤ۔ باقی کِتنے
رہے؟




۷ ۱۵ خانے والی شکل
میں سے ۲ خانے
نِکال دیں۔ تو باقی کِتنے رہیں گے؟

۸ ۵ پیسے و ۲ پیسے و ۳ پیسے مِل کر
کِتنے ہُوئے؟


۹ پانچ پانچ کر کے تیس تک گِنو۔

۱۰ چھ چھ کر کے تیس تک گِنو۔


# اکتالیس سے پچاس تک گنتی




۴۰ اور ۱ اکتالیس ۴۱




۴۰ اور ۲ بیالیس ۴۲




۴۰ اور ۳ تینتالیس ۴۳




۴۰ اور ۴ چوالیس ۴۴




۴۰ اور ۵ پینتالیس ۴۵




۴۰ اور ۶ چھیالیس ۴۶




۴۰ اور ۷ سینتالیس ۴۷



۴۰ اور ۸ اڑتالیس ۴۸



۴۰ اور ۹ اُنچاس ۴۹



پانچ دہائی پچاس ۵۰

## سوالات نمبر ۳

۱ ۴۰ اور ۲ مل کر کتنے ہوتے ہیں ؟

۲ سینتالیس میں کتنی اکائیاں اور کتنی دہائیاں ہیں ؟

۳ ۴۸ میں ۸ اور ۴ کی قیمت بتاؤ ۔


۴ ایک کم چالیس کتنے ہوتے ہیں ؟

۵ ایک کم پچاس کتنے ہوئے ؟

۶ پانچ پانچ کرکے پچاس تک گنو +

۷ ۴۱ سے ۵۰ تک ہر ایک عدد میں

اکائی اور دہائی بتاؤ +




۸ تیس اور آٹھ مل کر

کتنے ہوتے ہیں ؟

۹ سامنے کی دونو شکلوں

میں کتنے خانے ہیں ؟

۱۰ چالیس اور آٹھ مل کر کتنے ہوئے ؟



۱۱ سامنے کی شکل میں

دس دس خانے کتنی

جگہ ہیں ؟

۱۲ باقی کتنے خانے ہیں ؟

۱۳ اس میں پانچ پانچ خانے کتنی جگہ ہیں ؟


کُل کتنے خانے ہیں ؟


# اکیاون سے ساٹھ تک گنتی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵۰ | اور | ۱ | اکیاون | ۵۱ |
| ۵۰ | اور | ۲ | باون | ۵۲ |
| ۵۰ | اور | ۳ | ترپن | ۵۳ |
| ۵۰ | اور | ۴ | چوّن | ۵۴ |
| ۵۰ | اور | ۵ | پچپن | ۵۵ |
| ۵۰ | اور | ۶ | چھپّن | ۵۶ |
| ۵۰ | اور | ۷ | ستاوّن | ۵۷ |
| ۵۰ | اور | ۸ | اٹھّاون | ۵۸ |
| ۵۰ | اور | ۹ | اُنسٹھ | ۵۹ |
| ۶ | دہائی | | ساٹھ | ۶۰ |


# سوالات نمبر ۴

۱ ۲۰ اور ۸ مل کر کتنے ہوتے ہیں ؟
۲ ۵۰ اور ۸ مل کر کتنے ہوئے ؟
۳ ۵۰ اور ۷ مل کر کتنے ہوئے ؟
۴ ۵۴ میں کتنی اکائیاں اور کتنی دہائیاں ہیں ؟
۵ ۵۳ میں ۳ سے کیا مطلب ہے اور ۵ سے کیا ؟
۶ ۵۱ سے ۶۰ تک ہر ایک عدد میں اکائیاں اور دہائیاں بتاؤ ۔
۷ ایک کم ساٹھ کتنے ہوتے ہیں ؟
۸ سامنے کی دونو شکلوں میں کتنے خانے ہیں ؟



۹ سامنے کی شکل میں باہر کی قطار میں
کتنی گولیاں ہیں۔ اور

اندر کی قطار میں کتنی
گولیاں ہیں؟ گن کر
بتاؤ۔ دونو قطاروں میں
کل کتنی گولیاں ہیں؟

۱۰ چھ چھ کرکے ساٹھ تک گنو۔

۱۱ سامنے کی شکل میں
کل کتنے خانے ہیں؟


۱۲ اس میں کتنے خانے
اور ملائیں۔ کہ ۶۰
بن جائیں؟

# اِکسٹھ سے سترّ تک گنتی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۰ | اور | ۱ | اِکسٹھ | ۶۱ |
| ۶۰ | اور | ۲ | باسٹھ | ۶۲ |
| ۶۰ | اور | ۳ | ترسٹھ | ۶۳ |
| ۶۰ | اور | ۴ | چوَنسٹھ | ۶۴ |
| ۶۰ | اور | ۵ | پیَنسٹھ | ۶۵ |
| ۶۰ | اور | ۶ | چھیاسٹھ | ۶۶ |
| ۶۰ | اور | ۷ | سڑسٹھ | ۶۷ |
| ۶۰ | اور | ۸ | اڑسٹھ | ۶۸ |
| ۶۰ | اور | ۹ | اُنہتّر | ۶۹ |
| ۶۰ | اور | ۰ | سترّ یا ۷ دہائی | سترّ ۷۰ |


# سوالات نمبر ۵

۱ ۶۰ اور ۳ مل کر کتنے ہوتے ہیں؟

۲ ۶۰ اور ۵ مل کر کتنے ہوتے ہیں؟

۳ ۶۸ میں ۸ سے کیا مطلب ہے اور اور ۶ سے کیا؟

۴ ایک کم ساٹھ کتنے ہوتے ہیں۔ اور اور ایک کم ستر کتنے؟



۵ سامنے کی دونو شکلوں میں کتنے کتنے خانے ہیں۔ اور کُل کتنے خانے ہیں؟

۶ ۶۸ میں کتنے اور ملائیں۔ کہ ۷۰ بن جائیں؟

۷ ۷۰ میں سے ۱۰ نکال دیں۔ تو باقی


کتنے بچیں گے ؟

۸ ۵۰ اور ۲۰ کتنے ہوتے ہیں ؟

۹ سات سات کرکے ستّر تک گنو ۔

۱۰ دس دس کرکے ستّر تک گنو ۔

۱۱ سامنے کی شکل میں آٹھ آٹھ خانے کتنی بار ہیں ؟



۱۲ اِس شکل میں کُل کتنے خانے ہیں ؟

# اِکہتّر سے اسّی تک گنتی

| | | |
|---|---|---|
| ۷۰ اور ۱ | اِکہتّر | ۷۱ |
| ۷۰ اور ۲ | بہتّر | ۷۲ |
| ۷۰ اور ۳ | تہتّر | ۷۳ |
| ۷۰ اور ۴ | چوہتّر | ۷۴ |
| ۷۰ اور ۵ | پچہتّر | ۷۵ |
| ۷۰ اور ۶ | چھہتّر | ۷۶ |
| ۷۰ اور ۷ | ستتّر | ۷۷ |
| ۷۰ اور ۸ | اٹھتّر | ۷۸ |
| ۷۰ اور ۹ | اُناسی | ۷۹ |
| ۸ دہائی | اسّی | ۸۰ |

# سوالات نمبر ۶

۱ گولیوں کے چوکھٹے پر ایک ایک کرکے بہتّر تک گولیاں گنو۔ اور اُن کی دہائیاں بناؤ۔ بتاؤ۔ کتنی دہائیاں بنیں۔ اور کتنی اکائیاں باقی رہیں؟

۲ پچھتّر۔ ستتّر۔ اٹھتّر کو ہندسوں میں لکھو۔

۳ ستّر اور تین کتنے ہوئے؟

۴ ۷۰ اور ۸ کتنے ہوئے؟

۵ ۷۹ میں ۷ کی کیا قیمت ہے۔ اور ۹ کی کیا؟


۶ ایک کم ستّر کتنے ہوتے ہیں۔ اور ایک کم اسّی کتنے؟

۷ ۶۹ ، ۷۹ ، ۷۵ ، ۸۰ کو پڑھو۔

۸ آٹھ آٹھ کرکے اسّی تک گنو ۔

۹ دس دس کرکے اسّی تک گنو ۔

۱۰ اس شکل میں دس دس خانے کتنی بار ہیں ؟



۱۱ باقی کتنے خانے ہیں ؟

۱۲ کُل کتنے خانے ہیں ؟

۱۳ گیارہ گیارہ خانے کتنی جگہ ہیں ؟

# اِکیاسی سے نوّے تک گنتی

| | | |
|---|---|---|
| ۸۰ اور ۱ | اِکیاسی | ۸۱ |
| ۸۰ اور ۲ | بیاسی | ۸۲ |
| ۸۰ اور ۳ | تراسی | ۸۳ |
| ۸۰ اور ۴ | چوراسی | ۸۴ |
| ۸۰ اور ۵ | پچّاسی | ۸۵ |
| ۸۰ اور ۶ | چھیاسی | ۸۶ |
| ۸۰ اور ۷ | ستّاسی | ۸۷ |
| ۸۰ اور ۸ | اٹھّاسی | ۸۸ |
| ۸۰ اور ۹ | نواسی | ۸۹ |
| ۹ دہائی | نوّے | ۹۰ |

## سوالات نمبر ۷

۱ ۸ دہائی اور ۳ اکائی مل کر کتنے ہوئے ؟

۲ گولیوں کے چوکھٹے پر ایک ایک کرکے پچاسی گولیاں گنو۔ اور ان کی دہائیاں و اکائیاں بناؤ +

۳ ۸۵ ، ۸۶ ، ۸۹ کو پڑھو +



۴ ستاسی۔ پچاسی ۔ اٹھتر کو ہندسوں میں لکھو +

۵ اسی اور نو کتنے ہوتے ہیں ؟

۶ ۵ اور ۴۰ مل کر کتنے ہوتے ہیں ؟

۷ ۳ دہائیاں اور ۶ دہائیاں مل کر کتنی دہائیاں ہوئیں ؟

۸ نو نو کر کے نوّے تک گنو ۔

۹ اوپر کی شکلوں میں کتنے کتنے خانے ہیں ؟

۱۰ بڑی شکل میں دوسری سے کتنے خانے زیادہ ہیں ؟

# اکیانوے سے ننانوے تک گنتی

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۹۰ | اور | ۱ | اکانوے | ۹۱ |
| ۹۰ | اور | ۲ | بانوے | ۹۲ |
| ۹۰ | اور | ۳ | ترانوے | ۹۳ |
| ۹۰ | اور | ۴ | چورانوے | ۹۴ |
| ۹۰ | اور | ۵ | پچانوے | ۹۵ |
| ۹۰ | اور | ۶ | چھیانوے | ۹۶ |
| ۹۰ | اور | ۷ | ستانوے | ۹۷ |
| ۹۰ | اور | ۸ | اٹھانوے | ۹۸ |
| ۹۰ | اور | ۹ | ننانوے | ۹۹ |

# سوالات نمبر ۸

۱ گولیوں کے چوکھٹے پر ایک ایک کرکے
بانوے تک گنو۔ اور اُن کی دہائیاں
بناؤ ۔ کتنی دہائیاں بنیں ۔ اور کتنی
اکائیاں باقی رہیں؟

۲ چورانوے ۔ ستانوے ۔ پچانوے کو
ہندسوں میں لکھو ۔

۳ ۹۲ ، ۹۸ ، ۹۱ کو پڑھو ۔


۴ نو دہائیاں اور تین اکائیاں مل کر
کتنے ہوئے ؟

۵ اسی اور نو کتنے ہوتے ہیں ؟ نوے
اور نو کتنے ہوئے ؟

۶ ۹۷ میں ۷ سے کیا مطلب ہے ۔ اور
۹ سے کیا ؟

۷ ۹۶ میں کتنی اکائیاں اور کتنی دہائیاں ہیں ؟

۸ نوے میں کتنے ملائیں - کہ پچوراڈوے بن جائیں ؟





۹ اوپر کی شکل میں آٹھ خانوں کی ہر ایک طرف کتنی کتنی قطاریں ہیں ؟

۱۰ گن کر بتاؤ - ہر ایک طرف کتنے کتنے خانے ہیں ؟

۱۱ گن کر بتاؤ - کُل کتنے خانے ہیں ؟

# ایک سَو






# ۱۰۰

جس طرح دس اکائیاں مل کر ایک دہائی ہوتی ہے۔ اسی طرح دس دہائیوں کو ملانے سے ایک سَو یا سینکڑا بنتا ہے۔ جیسا کہ شکل سے ظاہر ہے۔ ایک سَو لکھنے کے لئے اکائی کی جگہ صفر (۰) اور دہائی کی جگہ صفر (۰)

لکھتے ہیں ۔ اور دونو درجوں کی بائیں طرف ۱ لکھتے ہیں ۔ اِس کا یہ مطلب ہے کہ اکائی کچھ نہیں ۔ دہائی بھی کچھ نہیں ۔ اور سینکڑا ایک ہے ۔

## سوالات نمبر ۹

۱ تمہاری جماعت میں کتنے لڑکے ہیں ؟
۲ تمہارے ہاتھ اور پیر میں کُل کتنی اُنگلیاں ہیں ؟
۳ اپنے کمرے کے دروازے اور کھڑکیاں گنو ۔



۴ اِس شکل میں کُل کتنے خانے ہیں ؟
۵ بیچ کے چار خانے چھوڑ کر باقی کتنے خانے ہیں ؟

۶ دو دو جوڑ کر بیس تک گنو ۔

۷ تین تین جوڑ کر تیس تک گنو ۔

۸ چار چار جوڑ کر چالیس تک گنو ۔

۹ پانچ پانچ جوڑ کر پچاس تک گنو ۔


۱۰ چھ چھ جوڑ کر ساٹھ تک گنو ۔

۱۱ سات سات جوڑ کر ستّر تک گنو ۔

۱۲ آٹھ آٹھ جوڑ کر اسّی تک گنو ۔

۱۳ نو نو جوڑ کر نوّے تک گنو ۔

۱۴ دس دس جوڑ کر سو تک گنو ۔



۱۵ اِس صندوقچے کے کتنے خانے ہیں - اگر ہر ایک خانے میں دو دو پیسے ہوں - تو کُل کتنے پیسے ہیں ؟

۱۶ ۲۵ لڈو اور ۱۵ لڈو مل کر کتنے ہوئے ؟

۱۷ ۲۰ آم اور ۳۰ آم مِل کر کتنے ہوئے؟

۱۸- اگر ۱۸ سیبوں میں ۳۲ سیب مِلائیں-
تو کُل کتنے سیب ہوں گے ؟

۱۹ ۲۲ پیسے اور ۲۸ پیسے مِل کر کتنے
ہوتے ہیں ؟

۲۰ ۳۹ روپوں میں ۲۱ روپئے اور ڈالے
کُل کتنے روپئے ہو گئے ؟

۲۱ خالی خانوں میں ایسا عدد لکھو - کہ
دونو عددوں کا جوڑ ۳۰ ہو *

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | | ۱۵ | | ۱۲ | |


۲۲ ۳ اِکائی اور ۲ اکائی مِل کر کتنے ہوئے؟

۲۳ ۳ اِکائی اور ۲ دہائی مِل کر کتنے ہوئے؟

۲۴ ۵ اِکائی اور ۷ اِکائی مِل کر کتنے ہوئے؟

۲۵ ۵ اکائی اور ۷ دہائی مِل کر کتنے ہوئے؟

۲۶ سامنے کی شکلوں میں کتنے خانے ہیں - اور دونو شکلوں میں کُل کتنے خانے ہیں ؟



۲ اور ۳ مل کر ۵ ہوتے ہیں - اِسے اِس طرح لکھتے ہیں ۲ + ۳ مل کر ۵ ہوتے ہیں ؟

۲۷ ۳ + ۵ کتنے ؟ ۱۲ + ۸ کتنے ؟

۱۵ + ۵ کتنے ؟ ۲۵ + ۱۵ کتنے ؟

۵ میں سے ۲ گئے - باقی رہے ۳ اِسے اِس طرح لکھتے ہیں ۵ - ۲ برابر ۳ +

۲۸ ۱۵ - ۵ کتنے ؟ ۲۷ - ۲۰ کتنے ؟

۴۰ - ۱۰ کتنے ؟ ۳۵ - ۱۵ کتنے ؟

۲۹ ایک لڑکے کے پاس ۲۵ بیر ہیں -

دُوسرے کے پاس ۱۰ بیر ہَیں- دونو
کے پاس کِتنے بیر ہَیں؟


۳۰ دس دس پیسے کی تین قطاریں
بناؤ- کُل کِتنے پیسے ہوئے؟

۳۱ ایک ٹوکرے میں ۴۵ آم تھے-
۵ آم رام نے کھائے- باقی کِتنے آم
رہے؟

۳۲ پانچ پانچ لڈّو دس لڑکوں کو دِیے-
کُل کِتنے لڈّو دِئے؟

# پہاڑے

## دو کا پہاڑہ



ایک ایک انار دو جگہ

۲ ایکن ۲




دو دو آم دو جگہ

۲ دُوئے ۴




تین تین ناشپاتیاں دو جگہ

۲ تئے ۶



چار چار سیب دو جگہ

۲ چوکے ۸




پانچ پانچ آڑو دو جگہ

۲ پنجے ۱۰



چھ چھ انجیر دو جگہ

۲ چھکے ۱۲




سات سات امرود دو جگہ

۲ ستے ۱۴



آٹھ آٹھ بیر دو جگہ

۲ اٹھے ۱۶



نوُ نوُ آلوچے دو جگہ

۲ نائے ۱۸



دس دس انگور دہ جگہ

۲ دہائے ۲۰

# تین کا پہاڑہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳ | تین ایکن | / | / | / |
| ۶ | تین دُوئے | // | // | // |
| ۹ | تین تِئے | /// | /// | /// |
| ۱۲ | تین چوکے | //// | //// | //// |
| ۱۵ | تین پنجے | ///// | ///// | ///// |
| ۱۸ | تین چھکے | ////// | ////// | ////// |
| ۲۱ | تین ستّے | /////// | /////// | /////// |
| ۲۴ | تین اٹھے | //////// | //////// | //////// |
| ۲۷ | تین نائے | ///////// | ///////// | ///////// |
| ۳۰ | تین دھائے | ////////// | ////////// | ////////// |

**نوٹ** - یہ پہاڑہ اِس طرح پڑھایا جائے -
ایک ایک لکیر تین جگہ کتنی لکیریں ہوئیں -
تین ایکے کتنے ہوئے؟ دو دو لکیریں تین بار

دُوسرے کے پاس ١٠ بیر ہیں۔ دونو
کے پاس کتنے بیر ہیں؟

٣٠ دس دس پیسے کی تین قطاریں
بناؤ۔ کُل کتنے پیسے ہوئے؟

٣١ ایک ٹوکرے میں ٤٥ آم تھے۔
٥ آم رام نے کھائے۔ باقی کتنے آم
رہے؟

٣٢ پانچ پانچ لڈو دس لڑکوں کو دیے۔
کُل کتنے لڈو دیے؟

||||| ||||| ||||| |||||

پانچ پانچ تیلیاں چار جگہ

۴ پنجے ۲۰

|||||| |||||| |||||| ||||||

چھ چھ تیلیاں چار جگہ

۴ چھکے ۲۴

||||||| ||||||| ||||||| |||||||

سات سات تیلیاں چار جگہ

۴ ستے ۲۸

|||||||| |||||||| |||||||| ||||||||

آٹھ آٹھ تیلیاں چار جگہ

۴ اٹھے ۳۲

||||||||| ||||||||| ||||||||| |||||||||

نو نو تیلیاں چار جگہ

۴ نائے ۳۶

|||||||||| |||||||||| |||||||||| ||||||||||


دس دس تیلیاں چار جگہ

۴ دھائے ۴۰


اِسی طرح پانچ - چھ - سات - آٹھ - نَو اَور
دس کے پہاڑے گولیوں کے چوکھٹے کی
مدد سے بناؤ - اور نیچے کی جدول میں درج
کرو - اور اِن کو سمجھ کر یاد کر لو - یہ پہاڑے
آگے چل کر تمہارے بہت کام آئیں گے ؛

| ١ | ٢ | ٣ | ٤ | ٥ | ٦ | ٧ | ٨ | ٩ | ١٠ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٢ | | | | | | | | | |
| ٣ | | | | | | | | | |
| ٤ | | | | | | | | | |
| ٥ | | | | | | | | | |
| ٦ | | | | | | | | | |
| ٧ | | | | | | | | | |
| ٨ | | | | | | | | | |
| ٩ | | | | | | | | | |
| ١٠ | | | | | | | | | |


# سوالات نمبر ۱۰



۱ سامنے کی شکل میں تین
تین خانے کتنی جگہ ہیں؟
۲ کُل کتنے خانے ہیں ؟
۳ چھ تیئے کتنے اور نو تیئے کتنے ؟
۴ سامنے کی شکل میں
چھ چھ خانے کتنی بار
ہیں ؟



۵ پانچ چھکّے کتنے ہوئے ؟
۶ اس میں پانچ پانچ خانے کتنی بار
ہیں ؟
۷ چھ پنجے کتنے ہوئے ؟
۸ اِس شکل میں تین تین خانے کتنی
بار ہیں ؟



۹ سامنے کی شکل میں دس
دس خانوں کی کتنی قطاریں
ہیں؟

۱۰ باقی کتنے خانے ہیں؟

۱۱ کُل خانے کتنے ہیں؟

۱۲ کتنے خانے اور ہوں۔ کہ دس دس
خانوں کی پانچ قطاریں بن جائیں؟

۱۳ دس دس خانوں کی پانچ قطاروں
میں کُل کتنے خانے ہوں گے؟


۱۴ شکل میں پانچ پانچ خانوں کی کتنی
قطاریں ہیں؟

۱۵ باقی کتنے خانے ہیں؟

۱۶ پانچ پانچ خانوں کی نَو قطاریں بنانے
کے لئے اور کتنے خانے درکار ہونگے؟

۱۷ اور پھر کُل شکل میں کتنے خانے

ہوں گے ؟



۱۸ اِس شکل میں سات
سات خانوں کی کتنی
قطاریں ہیں ؟

۱۹ کُل کتنے خانے ہیں ؟

۲۰ آٹھ آٹھ خانوں کی کتنی قطاریں ہیں ؟

۲۱ اس شکل میں چار ستّے دِکھاؤ۔ چار ستّے
میں کتنے خانے ہیں ؟

۲۲ چار چار گولیاں پانچ جگہ کُل کتنی
گولیاں ہُوئیں ؟

۲۳ دو دو پیسے نَو لڑکوں کو دِئے۔ کُل
کتنے پیسے دِئے ؟

۲۴ آٹھ آٹھ آم چار لڑکوں نے مول
لِئے۔ کُل کتنے آم مول لِئے ؟

# مُتفرق سوالاتِ نمبر ۱۱

۱ سامنے کی شکل میں کُل کتنے خانے ہیں۔ اِکائیاں کتنی ہیں۔ اور دہائیاں کتنی؟




خالی جگہوں میں کوئی عدد لکھ کر طلبا سے سوالات پُوچھو۔

۲ ایک آدمی دس دس پنسلوں کے بنڈل بناتا ہے۔ بتاؤ ...... پنسلوں کے کتنے بنڈل بنیں گے۔ اور کتنی پنسلیں باقی رہیں گی؟

۳ دس دس پنسلوں کے ...... بنڈل اور ...... پنسلیں مل کر کُل کتنی پنسلیں ہوئیں؟


۴ ایک لڑکا پیسے روز جمع کرتا ہے۔
دِنوں میں کتنے پیسے جمع کرے گا؟




۵ سامنے کی شکل میں کتنی
پنسلیں ہیں۔ اگر اِن میں
سے پنسلیں نکال لیں۔
تو باقی کتنی پنسلیں رہیں گی؟

۶ اگر ایک بٹوے میں روپے ہوں۔
تو ایسے بٹووں میں کتنے روپے
ہوں گے؟

۷ ایک ہفتہ میں ۷ دِن ہوتے ہیں۔
تو ہفتوں میں کتنے دِن ہوں گے؟



۸ سامنے کی شکل میں
کتنی گیندیں ہیں۔ اگر
ہر ایک گیند کی قیمت پیسے ہو۔ تو
کُل گیندوں کے دام بتاؤ ٭




۹ سامنے کی دو شکلوں میں کتنے
کتنے خانے ہیں ؟

۱۰ دونو شکلوں میں کُل کتنے
خانے ہیں ؟

۱۱ بڑی شکل میں چھوٹی شکل سے کتنے
خانے زیادہ ہیں ؟

۱۲ روپوں کی قطاروں میں
کُل کتنے روپئے ہوں گے ؟

۱۳ رام سے ہرنام قدم کے فاصلے
پر کھڑا ہے - اور شام سے قدم
کے فاصلے پر
ہے - بتاؤ -
رام اور شام




کے درمیان کتنے قدم کا فاصلہ ہے ؟

۱۴ نارنگیوں میں سے نارنگیوں

کی کتنی ڈھیریاں بنیں گی ؟

۱۵ اس شکل میں کُل کتنے بانس برابر
برابر فاصلے پر ہیں۔ اگر پہلا بانس
آخری بانس سے      قدم کے فاصلے
پر ہو۔ تو بتاؤ۔
پاس کے دو بانسوں
کے درمیان کتنا فاصلہ
ہے ؟




۱۶ اِن شکلوں کے بیچ کے خانوں میں
ایسا عدد لکھو۔ کہ تینوں عددوں کو
ملانے سے ۲۰ ہو جائیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | | ۲ | ۵ | | ۷ | ۵ | | ۹ |

۱۷ ایک کتاب کی قیمت      آنے ہے۔
تو ایسی      کتابوں کے کیا دام


ہوں گے ؟

۱۸ سامنے کی شکل میں دونو بانسوں کی کُل کتنی لمبائی ہے ؟





۱۹ بڑا بانس چھوٹے بانس سے کتنا بڑا ہے ؟

۲۰ سامنے کی شکل کے چاروں طرف پھرنے میں کتنی دُور چلنا پڑے گا ؟





۲۱ ایک کیاری ۱۸ قدم لمبی ہے۔اُس میں تین تین قدم کے فاصلے پر گلاب کے پودے لگانے ہیں۔بتاؤ۔کُل کتنے پودے لگیں گے (پہلا پودا سرے پر ہو) ؟

۲۲ ایک برتن میں ۲۰ سیر دُود ہے۔ اگر
۲ سیر کا لوٹا بھر بھر کر
دُود نکالیں۔ تو کتنے لوٹے
دُود کے نکلیں گے ؟




۲۳ اِس شکل میں
پانچ پانچ خانے
کتنی بار ہیں۔
اَور آٹھ خانے کتنی بار ؟



۲۴ چار چار لڑکوں کی پانچ قطاریں بناؤ۔
اَور بتاؤ۔ اِن میں کُل کتنے لڑکے ہیں ؟

۲۵ ۲۴ تیلیاں نکالو۔ اَور چھ چھ کر کے
گنو۔ کتنے چھکے بنے ؟



ایک سَو ۱۰۰

گولیوں کا چوکھٹا